(5) مولانا سید حبیب اللہ شاہ حقانی

فضلائے حقانیہ کی تالیفی اور تصنیفی خدمات

مولانا سید حبیب اللہ شاہ حقانی' فضلاء حقانیہ کے علمی' ادبی' تحریری' تصنیفی اور تالیفی خدمات پر کام کر رہے ہیں۔۔علم وادب' تحریر اور تصنیف و تالیف سے شغف رکھنے والے تمام فضلاء حقانیہ سے درخواست ہے کہ اپنا مختصر تعارف' خدمات اور تصنیفات و تالیفات کا تعارف مولانا موصوف کے نام بھیجیں تاکہ وہ اس عظیم تاریخی کام کو بہ سہولت آگے بڑھا سکیں۔

رابطہ ایڈریس : مولانا سید حبیب اللہ شاہ حقانی' رُکن القاسم اکیڈمی' جامعہ ابو ہریرہ خالق آباد نوشہرہ ------- (ادارہ)

حضرت مولانا سید محمد گوہر شاہ حقانی

آپ مولانا سید عبدالحق بن سید حسن الدینؒ کے ہاں ۱۹۵۰ء' بابڑہ میر اخیل چارسدہ میں پیدا ہوئے۔ابتدائی وعصری تعلیم کے حصول کے بعد بین الاقوامی یونیورسٹی جامعہ دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک تشریف لائے اور ابتداء سے لے کر دورہ حدیث تک یہاں کے اساتذہ ومشائخ سے استفادہ کرتے رہے۔۱۹۷۴ء میں سند فراغت حاصل کی۔

تدریسی خدمات: فراغت کے بعد ہی دارالعلوم اسلامیہ چارسدہ میں درس وتدریس پر اپنے مشائخ کی دعاؤں کی برکت سے مامور ہوئے اور تادم تحریر دارالعلوم اسلامیہ کے اہتمام کے ساتھ منصب شیخ الحدیث پر فائز ہیں۔آپ ہی کے زیر سرپرستی دیگر ادارے مثلاً دارالحفظ والتجوید دارالبنات للحفظ والتجوید وغیرہ بھی دینی خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔

جہادِ افغانستان میں آپ اپنے مشائخ واساتذہ اور حقانی فضلاء کی طرح بھرپور حمایت کرتے رہے۔نیز آغا خانیت' پرویزیت' شیعیت اور بریلویت وغیرہ کا تعاقب اور مواخذہ میں اپنی حقانی نسبت کی لاج قائم کیے ہوئے ہیں۔

آپ جمعیت علمائے اسلام کی سیٹ سے قومی اسمبلی کے ممبر رہ چکے ہیں۔

تصنیف وتالیف وصحافت: مولانا جب دارالعلوم حقانیہ سے فارغ ہوئے تو اپنے اساتذہ ومشائخ سے ربط وتعلق رہا۔ چنانچہ شیخ الحدیث حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ کے مشورہ سے ماہنامہ ''النصیحہ'' کا اجراء کیا اور آج تک اسی رسالہ کیلئے لکھ رہے ہیں۔عصرِ حاضر کے تقاضوں' فرقِ باطلہ کا بھرپور تعاقب' درسِ قرآن و درسِ حدیث' عالمِ اسلام' عالمی اسلامی تحریکوں اور اسلامی قوتوں کی خبریں اور مسائل سے بھرپور مضامین وجاندار تجزیئے رسالہ کی جان ہوتی ہے۔

احکام الاذان: اذان کے احکام و مسائل پر مشتمل یہ کتاب شعبہ نشر واشاعت دارالعلوم اسلامیہ چارسدہ نے